© rasailojaraid.com



نے پیپلز پارٹی کی' بے نظیر حکومت کے خلاف چلائی۔ تیسرے باب میں پیپلز پارٹی کے غیر جمہوری چہرے کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ چوتھے باب میں بے نظیر حکومت کی برطرفی پر ملکی' اور غیر ملکی رسائل و جرائد کی آرا کو ریکارڈ پر لایا گیا ہے۔ پانچویں باب میں جماعت اسلامی پاکستان کے اہداف' مقاصد اور حکمت عملی کو بیان کیا گیا ہے۔

اگرچہ یہ کتاب بے نظیر حکومت کی برطرفی (۵ نومبر ۹۶) کے کچھ ہی دنوں بعد شائع ہوئی' تاہم اس میں اٹھائے جانے والے نکات مسلم لیگ کی نواز شریف حکومت (۱۷ فروری ۹۷) کے لیے بھی اتنے ہی اہم ہیں۔ پاکستان کے سیاسی تمدن میں راہ پانے والی سیاسی حماقتوں' خود فریبیوں اور آمرانہ حرکتوں کا یہ دفتر آنے والے دنوں میں حکمرانوں کے لیے ایک تنبیہ ہے۔

جماعت اسلامی کے لیے ملک کی سیاسی اور مقتدر قوتوں کے ہاں جو انقباض پایا جاتا ہے' اور پھر اس اظہار کے لیے جو اوچھے ہتھکنڈے استعمال میں لائے جاتے ہیں' ان میں سب سے بڑے الزام دو ہی ہوتے ہیں' اول: تحریک پاکستان میں عدم شمولیت' دوم: غیر جمہوری جدوجہد۔ دونوں الزام اپنی اصل کے اعتبار سے بے بنیاد' مگر ہر حکمران کی پراپیگنڈا مشینری کے چلتے پرزے ہیں۔ مصنف نے جماعت کے دھرنا مارچ کے حوالے سے حکومتی اور اخباری پراپیگنڈے کا مسکت جواب دیا ہے' اور ضمیمے میں جماعت اسلامی اور تحریک اسلامی پاکستان کے موضوع پر مختلف تحقیق کاروں کا نتیجہ تحقیق پیش کرتے ہوئے' دوسرے الزام کی حقیقت کو واضح کیا ہے۔ خاص طور پر' انگریزی رسائل و جرائد اور غیر ملکی مصنفین کے ہاں جماعت اسلامی کو "بنیاد پرستی" سے متہم کرتے ہوئے بڑی غلط تصویر پیش کی جاتی ہے۔ یہ کتاب ایسے حلقوں میں حقیقت حال کے ابلاغ کا ذریعہ بن سکتی ہے' بشرطیکہ اسے ان تک پہنچایا جائے۔ (سلیم منصور خالد)

**آسان دعائیں**' شعبہ حج' جماعت اسلامی' کراچی۔ ملنے کا پتا: ۵۰۳ شکارپور کالونی' نزد اسلامیہ کالج' کراچی۔ جیبی سائز۔ صفحات: ۳۲۔ ہدیہ: ۱۵ روپے۔

حجاج کرام کے لیے' اذکار اور دعاؤں کا یہ مجموعہ' حج سے متعلق چند ضروری دعاؤں کے علاوہ بیشتر عام قرآنی دعاؤں پر مشتمل ہے۔ طواف و سعی کے دوران حجاج کرام مخصوص دعاؤں کے پابند نہیں ہوتے۔ یہ اذکار بہ آسانی یاد کر کے' ورد زبان ہو سکتے ہیں۔ جماعت اسلامی کراچی کی یہ خدمت لائق تحسین ہے لیکن بہت "قیمتی" ہے۔ (م-س)

---

کراچی اور مضافات میں نیوز ایجنٹ' بک اسٹال اور تحریکی حلقے
ترجمان کی ایجنسی کے لیے درج ذیل پتے پر رابطہ کریں۔
دی بک ڈسٹری بیوٹرز' کراچی۔ فون: شاہد شمسی 7787137

© rasailojaraid.com